## ریاستہائے متحدہ ضلعی عدالت برائے نیویارک کا مشرقی ضلع

## گروہ کے مقدمے (کلاس ایکشن) کے تعطل کا نوٹس

**اس نوٹس کی اجازت ایک عدالت نے دی ہے۔ یہ کسی وکیل کی جانب سے التماس نہیں ہے۔**

# کیا آپ کا ایسا بچہ ہے جس کو ذیل میں سے کچھ ہے؟
# a) ٹائپ 1 یا ٹائپ 2 ذیابیطس ہے ؛ اور
# b) کیا ابھی یا مستقبل میں یہ نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کے پبلک اسکولوں میں مندرج ہو گا؟

اس مقدمے میں عدالت نے ایک کلاس ایکشن کی تصدیق کی ہے۔ برائے مہربانی اس نوٹس کو بغور پڑھیں۔

**بجانب:** ذیابیطس کے تمام طلبا اور طلبا کے والدین جنہیں اسکول میں ذیابیطس سے متعلق نگہداشت کی ضرورت ہے جو ابھی یا بعد میں نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کے پبلک اسکولوں میں داخلہ لیں گے۔

## مقدمہ کا پس منظر

- ذیابیطس کے حامل تین طلباء، والدین کی جانب اور طرف سے اور ساتھ میں امریکی انجمن برائے ذیابیطس ( دونوں ملکر، "مدعی علیہان") نے اسکول میں ذیابیطس کے حامل بچوں کی بہتر نگہداشت کے لیے نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کے خلاف ایک مقدمہ دائر کیا ہے اس مقدمہ کا نام ہے *M.F., et al. v. New York City Department of Education, et al.*, Civil No. 18-CV-6109.

- مدعی علیہان نے الزام لگایا ہے کہ نیویارک شہر محکمئہ تعلیم اسکولوں نے، معذوری کے حامل افراد کو تحفظ فراہم کرنے کے خصوصاً ذیابیطس سے متعلق وفاقی قوانین کی خلاف ورزی کی ہے کیونکہ اسکول:
  - حصہ 504 کہلائے جانے والے اجلاس کو شیڈول کرنے اور اس کا انعقاد کرنے میں اور حصہ 504 منصوبے کہلائے جانے والے ایسے منصوبوں کو خاکہ کش کرنے اور ان کا نفاذ کرنے میں ناکام رہے ہیں جو ذیابیطس کے حامل بچوں کو اسکول میں حفاظت سے شرکت کرنے اور اپنی تعلیم سے مستفید ہونے کے لیے درکار ہیں۔؛
  - ذیابیطس کے حامل طلبا کی نگہداشت کی ضرورت پوری کرنے کے لیے اسکول نرسوں، معاون پیشہ وروں، مدد کرنے والے افراد، اساتذہ، متبادل اساتذہ، اور دیگر عملے کی مناسب تربیت کرنے میں ناکام رہا ہے؛
  - ذیابیطس کے حامل بچوں کو روزمرہ کی ذیابیطس سے متعلق نگہداشت کےحصول کے لیے کمرے سے باہر لے جانے کے لیے بلا ضرورت الگ کرنا جس سے انکا تعلیم حاصل کرنے کا قیمتی وقت ضائع ہوتا ہے؛
  - ذیابیطس سے متعلقہ ضروری نگہداشت نہ فراہم کر کے ذیابیطس کے حامل بچوں کو اسکول اور اسکول سے متعلق سرگرمیوں جیسے فیلڈ ٹرپ، بعد از اسکول سرگرمیوں اور اسکول ناشتے سے باز رکھنا؛

- معلوم کریں مقدمے کی مزید معلومات، بشمول شکایت۔

- نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں **ذیابیطیس نگہداشت** کے بارے میں مزید جانیں ۔

- مدعی علیہان نے عدالت کی جانب سے پورے گروہ کے اراکین، یعنی ذیابیطس ٹائپ 1 یا 2 کے حامل طلبا جو اسکولوں میں ذیابیطس سے متعلقہ نگہداشت کی اہلیت رکھتے ہیں اور اب یا بعد میں نیویارک شہر محکمئہ تعلیم اسکولوں میں جائیں گے، کی جانب سے نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کی پالیسیوں، ذیابیطس سے متعلقہ نگہداشت کے طریق کار اور روزمرہ کے کاموں میں بتدریج تبدیلی کے لیے نمائندگی کی اجازت حاصل کر لی ہے۔

- عدالت نے اب تک یہ طے نہیں کیا ہے کہ آیا مدعا علیہان نے کوئی غلطی کی ہے۔ مدعی علیہان، مدعا علیہان سے کسی مالی نقصانات کا تقاضا نہیں کر رہے ہیں، نہ ہی اس مقدمے کے نتیجے پر گروہ کے اراکین کو رقم ملے گی۔ مدعی علیہان صرف مدعاعلیہان سے پالسیوں اور طریق کار میں تبدیلی چاہتے ہیں۔

- مدعی علیہان پورے نظام میں تبدیلی چاہتے ہیں جو ذیابیطس کے حامل طلبا پر اثر انداز ہوگی چاہے کچھ افراد اس مقدمہ کا حصہ بننے کا انتخاب کرتے ہیں یا نہیں۔

**آپ کو کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے**۔ اس نوٹس کا مقصد صرف یہ ہے کہ اگر آپ چاہیں تو آپ کو اس مقدمے کے بارے میں جاننے کا موقع دینا ہے۔

## اس مقدمے کے وکلاء

1. کیا اس مقدمے میں میرا کوئی وکیل ہے؟

عدالت نے یہ طے کیا ہے کہ معذوروں کے حقوق کے وکلاء، ایک غیر نفعی قانونی ادارہ، تمام گروہ کے اراکین کی طرف سے گروہ کے قانونی مشیر ہونگے۔ معذوروں کے حقوق کے وکلا کے پاس معذوری سے متعلق حقوق کے اسی قسم کے مقدمات سے نمٹنے کا تجربہ ہے. معذوری کے حقوق کے ور اسکے وکلا کے تجربے کے بارے مزید جانیں۔

2. کیا مجھے اپنا وکیل خود کرنا پڑے گا؟

آپ کو اپنا وکیل کرنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ معذوروں کے حقوق کے وکلا آپ کی طرف سے کام کر رہے ہیں۔ لیکن اگر آپ اپنا وکیل خود کرنا چاہتے ہیں، آپ کو اس وکیل کو رقم ادا کرنی ہو گی۔ اگر آپ گروہ کے وکیل کے علاوہ کسی اور کو اپنی طرف سے بولنے کے لیے لانا چاہتے ہیں، آپ کو ان سے عدالت میں حاضر ہونے کی گزارش کر سکتے ہیں۔

3. وکیلوں کو معاوضہ کس طرح ملے گا؟

گروہ کے وکیل کو اس مقدمہ کی خدمات کے لیے کچھ ادا نہیں کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ، گروہ کے وکلاء نے مقدمے کی کاروائی کے لیے ضروری اخراجات کی پہلے ہی سے ادائیگی کر دی ہے۔ اگر گروہ کو گروہ کے وکیل کی وجہ سے فائدہ ملتا ہے، گروہ کا وکیل مدعا علیہان سے فیس اور اخراجات کی ادائیگی کرنے کا کہہ سکتے ہیں۔ آپ کو گروہ کے وکیل کو کچھ ادا نہیں کرنا ہے۔

**اگر آپ یا آپ کا بچہ ذیابیطس کا حامل طالب علم ہے اور آپ کے اسکول میں نگہداشت کے بارے میں سوالات ہیں، برائے مہربانی ذیل سے رجوع کریں:**

اپنے بچے کے اسکول کے 504 رابطہ کار اور / یا صحتییاتی ڈائریکٹر سے۔

**اور / یا**

Neil Somerfeld، نیویارک شہر کے حصہ 504 پروگرام مینیجر محکمہء تعلیم
718-310-2429
504Questions@schools.nyc.gov

**صحتیاتی ڈائریکٹر**

| پتہ | فون نمبر: | ای میل | ہیلتھ ڈائریکٹر | برو: شہر پیما دفاتر اضلاع |
|---|---|---|---|---|
| 131 Livingston St, Rm 607 Brooklyn, NY 11201 | 718-935-3891 | NPerez4@ schools.nyc.gov | Norberto Perez | **Affinity** |
| 131 Livingston St, Rm 506 Brooklyn, NY 11201 | 718-935-3663 | LWatson21@ schools.nyc.gov | Laurell Watson | **شمالی بروکلن** 13, 14, 15, 16, 19, 23, 32 |
| 415 89th St, Rm 509 Brooklyn, NY 11209 | 718-759-4921 | JFelixBarret@ schools.nyc.gov | Juliana Felix-Barret | **جنوبی بروکلن** 17, 18, 20, 21, 22 |
| 1230 Zerega Ave Bronx, NY 10462 | 718-828-4694 | MMoreira3@ schools.nyc.gov | Marleni Moreira | **برونکس** 7, 8, 9, 10, 11, 12 |
| 333 7th Ave, 8th Fl New York, NY 10001 | 212-356-7530 | MGomes6@ schools.nyc.gov | Magdalene Gomes | **مین ہیٹن** 1, 2, 3, 4, 5, 6 |
| 28-11 Queens Plaza North, 4th Fl Long Island City, NY 11101 | 718-391-8572 | CPierre@ schools.nyc.gov | Carin Jean Pierre-Destin | **شمالی کوئنز** 24, 25, 26, 30 |
| 82-01 Rockaway Blvd, Rm 420 Ozone Park, NY 11416 | 347-647-1388 | QSHealthDirector schools.nyc.gov@ | Rachelle Lewis | **جنوبی کوئنز** 27, 28, 29 |

| پتہ | فون نمبر: | ای میل | ہیلتھ ڈائریکٹر | برو:<br>شہر پیما دفاتر اضلاع |
|---|---|---|---|---|
| 715 Ocean Terrace, A-309 Staten Island, NY 10301 | 718-556-8383 | SCaloir@schools.nyc.gov | Stephanie Caloir | اسٹیٹن آئلینڈ 31 |

**اگر آپ کے اس مقدمے کے بارے سوالات ہیں آپ گروہ کے وکیل کے معذوری کے حقوق کے وکلا سے رابطہ کر سکتے ہیں۔**

معذوری کے حقوق کے وکلا
DISABILITY RIGHTS ADVOCATES
diabeteslawsuit@dralegal.org
655 Third Avenue, 14th Floor
New York, NY 10017
ٹیلیفون : (212) 644-8644

**اگر آپ کے اسکولوں میں ذیابیطس سے متعلق سوالات ہیں، آپ یہاں رابطہ کریں:**

امریکی انجمن برائے ذیابیطس
AMERICAN DIABETES ASSOCIATION
1-800-DIABETES (342-2383)
askada@diabetes.org